© rasailojaraid.com

**دار العلوم حقانیہ کے مہتمم کی دار العلوم دیوبند کے علماً کے وفد سے ملاقات :**

۱۰ اپریل جامعہ کے مہتمم اور جمعیت علماً اسلام' دفاع افغانستان کونسل کے سربراہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب نے ہندوستان سے آئے ہوئے مادر علمی دار العلوم دیوبند کے اکابر علماً' جمعیت علمائے ہند کے سربراہ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الحق صاحبؒ کے شیخ و مربی شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ کے فرزند اکبر و جانشین حضرت مولانا سید اسعد مدنی مدظلہ' مہتمم اعلیٰ دار العلوم دیوبند شیخ الحدیث حضرت مولانا مرغوب الرحمان مدظلہ سے پشاور میں حاجی عبد الرحمان فقیر کی رہائش گاہ پر تفصیلی ملاقات کی اس موقع پر قائد جمعیت کے ہمراہ مولانا انوار الحق صاحب نائب مہتمم دار العلوم حقانیہ' مولانا میاں عصمت شاہ کاکا خیل' مولانا حامد الحق حقانی' حافظ راشد الحق' مولانا سید یوسف شاہ بھی موجود تھے۔ ہندوستان سے آئے ہوئے معزز مہمانوں کو حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے دار العلوم حقانیہ آنے کی دعوت دی۔

**دار العلوم دیوبند سے تشریف لائے ہوئے معزز شرکاء کے اسمائے گرامی :**

حضرت مولانا اسعد مدنی مدظلہ امیر جمعیت علماً ہند' حضرت مولانا مرغوب الرحمان صاحب مدظلہ مہتمم دار العلوم دیوبند' حضرت مولانا قاری محمد عثمان مدظلہ نائب مہتمم دار العلوم دیوبند' شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الحق اعظمی شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند' حضرت مولانا نعمت اللہ اعظمی استاد حدیث دار العلوم دیوبند' حضرت مولانا حبیب الرحمان قاسمی مدیر ماہنامہ "دار العلوم" حضرت مولانا قمر الدین صاحب استاد حدیث' مولانا مفتی یوسف استاد دار العلوم دیوبند' مولانا مفتی راشد صاحب استاد دار العلوم دیوبند' حضرت مولانا حبیب الرحمان صاحب مفتی دار العلوم دیوبند' صاحبزادہ حضرت مولانا انوار الرحمان' حضرت مولانا شبیر احمد صاحب استاد حدیث و مفتی مدرسہ شاہی مراد آباد' حضرت مولانا عبد الرحیم استاد دار العلوم دیوبند۔ وفد کے ارکان نے تقاریر کے بعد حضرت مولانا عبد الحقؒ کے مزار پر فاتح خوانی کی اور بعد میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی اقامت گاہ پر تشریف لائے۔ جہاں معزز مہمانوں کے اعزاز میں ضیافت دی گئی اور وفد کے ارکان نے دار العلوم حقانیہ کے جید علماً کرام اور مشائخ سے اس موقع پر تبادلہ خیال بھی کیا۔

**دار العلوم دیوبند کانفرنس کی تیاری کے سلسلے میں جامع مسجد میں مولانا حامد الحق حقانی کا خطاب :**

جمعہ ۱۱ محرم الحرام 6 اپریل کو مہتمم صاحب کے بڑے فرزند جمعیت علمائے اسلام کے رہنما اور دار العلوم کے مدرس مولانا حامد الحق حقانی نے دار العلوم حقانیہ کی جامع مسجد میں خطبہ ء جمعہ دیتے ہوئے طلباً کو فلسفہ حریت و شہادت حضرت حسینؓ' اتحاد بین المسلمین اور خصوصاً دیوبند کانفرنس کے موضوع پر برِ صغیر میں انگریز کے خلاف بر سر پیکار' حریت پسند اکابر علمائے حق اور مادر علمی دار العلوم دیوبند اور دار العلوم حقانیہ سے اٹھی ہوئی جہادی' انقلابی تحریکات پر مفصل خطاب کیا۔

© rasailojaraid.com